**22.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

---

☆ بھارت اور نیو زیلینڈ نے آزاد تجارتی معاہدے کا اعلان کیا ہے۔ وزیرِاعظم نے کہا ہے کہ اس معاہدے سے اگلے پانچ سال میں دوطرفہ تجارت دوگنی ہوجائے گی۔

☆ تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ اس معاہدے سے کسانوں، چھوٹے کاروباریوں، طلباء، خواتین اور اختراع کاروں کو موقعے فراہم ہوں گے۔

☆ سرکار نے زور دے کر کہا ہے کہ Aravalli خطے میں شہرکاری کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ سرکار نے کہا ہے کہ اُس کی واحد اور خصوصی توجہ اس خطے کو محفوظ رکھنے پر ہے۔

☆ NCW نے شکتی اسکالرز کا آغاز کیا ہے، جو خواتین پر مرکوز پالیسی معاملات سے متعلق نوجوانوں کی ریسرچ فیلوشپ کا پروگرام ہے۔

☆ اور، دلّی-NCR میں گھنے کہرے کے سبب بہت سی پروازوں اور ریل گاڑیوں کی آمد ورفت میں رکاوٹ آئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev-India-New Zealand**

بھارت اور نیو زیلینڈ نے تاریخی اور باہمی طور پر فائدہ مند آزاد تجارتی معاہدے FTA کی کامیابی کے ساتھ تکمیل کرلی ہے۔ وزیرِاعظم نریندر مودی اور نیو زیلینڈ کے اُن کے ہم منصب کرسٹوفر لکسَن نے آج یہ اعلان کیا۔ جناب مودی نے آج جناب لکسَن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

یہ بات چیت اس سال مارچ میں جناب لکسن کے بھارت کے دورے کے دوران شروع کی گئی تھی۔ وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان آزاد تجارتی سمجھوتے FTA سے آئندہ پانچ سال میں دوطرفہ تجارت دوگنا ہوجائے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت-نیو زیلینڈ شراکت داری، نئی اونچائیوں پر پہنچنے والی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مختلف شعبوں میں، نیو زیلینڈ کی طرف سے 20 اَرب سے زیادہ ڈالرز مالیت کی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتا ہے۔

جناب لکسَن نے اس فیصلے کی تعریف کی اور اِسے بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان ایک اہم تجارتی معاہدہ قرار دیا، جس

کا تعلق بھارت کی براہ راست برآمدات پر عائد 95 فیصد محصول میں کمی کرنے سے ہے۔

**1400-PM New Zealand-Luxon**

آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ FTA سے کسانوں، چھوٹے کاروباریوں، طلباء، خواتین اور اختراع کاروں کو تجارت کیلئے مختلف موقعے فراہم ہوں گے۔ جناب گوئل نے زور دے کر کہا کہ FTA سے دنیا کی جغرافیائی و سیاسی صورتحال کی بڑھتی ہوئی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔ FTA سے ایک مضبوط اور قابل اعتبار بنیاد فراہم ہوئی ہے۔

دونوں وزرائے اعظم نے اگلے پانچ سال میں دوطرفہ تجارت کے دوگنا ہونے پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے اگلے 15 سال میں نیوزیلینڈ سے بھارت میں 20 اَرب ڈالر کی سرمایہ کاری کے بارے میں بھی اعتماد ظاہر کیا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بھارت نیوزیلینڈ اقتصادی معاہدے سے ایک مسلسل رفتار ملی ہے۔ دوطرفہ تجارت 2024-25 میں ایک اَرب 30 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی، جبکہ اشیاء اور خدمات کے شعبے میں کُل تجارت پچھلے سال تقریباً دو اَرب 40 کروڑ ڈالر رہی۔

**V-C Dipendra/Anupam**

*آزاد تجارتی سمجھوتہ، جو بھارت کا سب سے تیزی سے تکمیل پانے والا FTA ہے، وکست بھارت 2047 کے قومی خاکے کے عین مطابق ہے۔ اس سلسلے میں بات چیت، اس سال 16 مارچ میں شروع ہوئی تھی۔ FTA کے تحت ایک اعلیٰ درجے کی اقتصادی شراکت داری قائم ہوگی، جس سے روزگار کو فروغ حاصل ہوگا اور تجارت آگے بڑھے گی، نیز سرمایہ کاری پر مبنی ترقی میں اضافہ ہوگا۔ یہ زرعی پیداوار سے متعلق اختراع کو فروغ دے گی اور MSME کی شراکت داری کو طویل مدتی اقتصادی استحکام کو بڑھاوا دے گی۔ آزاد تجارتی سمجھوتے سے دونوں ملکوں کے درمیان سرمایہ کاری سے متعلق شراکت داری کو استحکام حاصل ہوگا۔*

*انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم*

**Rev. Aravalis - Bhupender**

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے واضح کیا ہے کہ حکومت کا Aravalis خطے میں شہرکاری کوئی منصوبہ نہیں ہے اور اُس کی واحد اور خصوصی توجہ اِس خطے کو محفوظ رکھنے پر ہے۔ نئی دلّی میں ایک نیوز ایجنسی سے بات کرتے ہوئے جناب یادو نے کہا کہ Phulera، اجمیر، اُدے پور اور بوندی سمیت کئی شہر پہلے ہی Aravalis خطے میں واقع ہیں، جہاں صدیوں سے انسان رہتے آئے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ نے Aravalis کے محفوظ علاقوں کی تشریح کی ہے۔ جناب یادو نے اِس تشریح کی بنیاد پر ریاستیں سختی کے ساتھ ضوابط وضع کریں۔ انہوں نے کہا کہ 90 فیصد اِس علاقے میں کانکنی کی سرگرمیاں ممکن نہیں ہیں۔

**SB - Bhupendra Yadav**

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ Aravalis کے صفر اعشاریہ ایک نو فیصد سے زیادہ علاقے میں کانکنی کی نئی سرگرمیاں ممکن نہیں ہیں۔×

## NCW-Shakti Scholars

خواتین کے قومی کمیشن NCW نے ''شکتی اسکالرس : NCW کی نوجوان ریسرچ فیلوشپ'' پروگرام کا آغاز کیا ہے، جس میں نوجوان طلباء اور محققین سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں کہ وہ بھارت میں خواتین پر اثرانداز ہونے والے معاملات سے متعلق پالیسی پر مرکوز تحقیق کریں۔

فیلوشپ کا مقصد خواتین کی حفاظت اور وقار، صنف پر مبنی تشدد، قانونی حقوق اور انصاف تک رسائی، سائبر حفاظت، صحت وتغذیہ، اقتصادی طور پر اختیارات کی تفویض اور لیبر کی شراکت جیسے اہم میدانوں میں کثیر رُخی تحقیق کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

یہ فیلوشپ 21 سے 30 سال کے درمیان کی عمر والے شہریوں کیلئے ہے، جن کی کم سے کم تعلیمی قابلیت کسی تسلیم شدہ ادارے سے گریجویشن ہے۔

NCW نے کہا کہ منتخبہ امیدواروں کو 6 ماہ کا تحقیقی مطالعہ کرنے کیلئے ایک لاکھ روپے کی امداد دی جائے گی۔×

## Sirsa - Delhi Pollution

دلّی کے ماحولیات کے وزیر منجندر سنگھ سرسا نے آج کہا ہے کہ قومی راجدھانی میں No PUC, No Fuel مہم کے شروع ہونے کے بعد سے آلودگی کو کنٹرول کرنے کے 2 لاکھ سے زیادہ سرٹیفکیٹ جاری کیے گئے ہیں۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے پرائیویٹ کمپنیوں سے کہا کہ وہ GRAP مرحلے 4 کے اقدامات کی تعمیل کریں اور انہیں سخت کارروائی کیلئے خبردار کیا۔ جناب سرسا نے کہا کہ دلّی میں آلودگی کو کنٹرول کرنے والی کمیٹی اور MCD کمشنرز آلودگی پھیلانے والی صنعتوں اور غیر قانونی طور سے چلنے والی صنعتی اکائیوں کو سیل کرنے کی زبردست مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔

### SB - Sirsa

وزیر موصوف نے کہا کہ جیسے ہی آلودگی پھیلانے والی صنعتوں کے بارے میں شکایتیں موصول ہوں گی، فوراً ہی اُن کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ کل تک موسم میں بہتری آنے کی امید ہے اور اِس طرح خطے میں ہوا کے معیار میں بھی سُدھار آئے گا۔×

## Delhi-Mumbai Air India Flight

ایئر انڈیا کی ممبئی جانے والے پرواز AI 887 ایک تکنیکی وجہ سے اُڑان بھرنے کے کچھ ہی منٹ بعد دلّی ہوائی اڈے پر واپس آ گئی۔ پائلٹ نے اس پرواز میں ایک سنگین نوعیت کی خرابی کے بارے میں بتایا، لہٰذا صبح 6 بجکر 40 منٹ پر پوری طرح ایمرجنسی کا اعلان کردیا گیا۔

دلّی-ممبئی کی اس پرواز نے کام کاج کے معیاری طریقہ کے مطابق ہنگامی طور پر لینڈنگ کی۔ اب اِس طیارے کی ضروری چھان بین کی جارہی ہے۔

شہری ہوا بازی کی وزارت نے ایئرانڈیا سے اس سلسلے میں تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔×

**Rev. Bangladesh - Hasina**

بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ نے محمد یونس کی قیادت میں عبوری حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ انتہا پسند عناصر کی حوصلہ افزائی کررہی ہے، بھارت مخالف جذبات کو ہوا دے رہی ہے اور جمہوری ڈھانچے کو کمزور کررہی ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ ایک ای-میل انٹرویو میں محترمہ حسینہ نے الزام لگایا کہ ملک میں حالیہ کشیدگی کو جان بوجھ کر بڑھایا گیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ یونس نے اقتدار میں غلط عناصر کے ہاتھ میں حکومت دے دی ہے اور جیل سے مجرم گردانے کے دہشت گردوں کو رہا کردیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی، اپنے سفارتی عملے کے تحفظ کے تعلق سے تشویش بجا طور پر درست ہے۔ محترمہ حسینہ نے کہا کہ بھارت کئی دہائیوں سے بنگلہ دیش کا سب سے گہرا دوست ہے اور ایک اہم شراکت دار رہا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ بنگلہ دیشی سیاست کا سیکولر کردار اُس کی ایک سب سے بڑی طاقت ہے۔

Silliguri کوریڈور کے حوالے سے کچھ بنگلہ دیشی لیڈروں کی جانب سے بیانات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے محترمہ حسینہ نے اِس طرح کے بیانات کو خطرناک اور غیر ذمہ دارانہ قرار دیا۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی سنجیدہ لیڈر اپنے ایسے پڑوسی کو دھمکی نہیں دے گا، جس پر وہ تجارت، راہ داری اور علاقائی استحکام کیلئے انحصار کرتا ہے۔

بنگلہ دیش میں آئندہ اگلے سال فروری میں ہونے والے چناؤ کے بارے میں سابق وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی پارٹی، عوامی لیگ کے بغیر چناؤ، کوئی چناؤ نہیں سمجھا جائے گا، بلکہ یہ محض ایک تاجپوشی ہوگی۔

بنگلہ دیش اگلے سال فروری میں اپنے قومی اسمبلی کے انتخابات کرانے کی تیاری کررہا ہے اور عوامی لیگ کو آئندہ چناؤ میں حصہ لینے سے روک دیا گیا ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ ایک ای-میل انٹرویو میں محترمہ حسینہ نے کہا کہ محمد یونس بنگلہ دیش کے عوام کے واحد ووٹ کے بغیر ہی حکومت کررہے ہیں اور اب وہ اُن کی پارٹی پر پابندی لگانا چاہتے ہیں۔×

**US - Ukraine Talks**

وہائٹ ہاؤس کے ایک ایلچی نے کہا ہے کہ انہوں نے روس اور یوکرین کے درمیان تقریباً 4 سال سے زیادہ عرصے سے جاری جنگ کو ختم کرنے کیلئے یوکرین اور یوروپی ملکوں کے نمائندوں کے ساتھ فلوریڈا میں مثبت اور تعمیری نوعیت کی بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں Steve Witkoff نے بتایا کہ بات چیت کا مقصد، یوکرین، امریکہ اور یوروپ کے درمیان مشترکہ کلیدی موقف کیلئے اتفاق رائے پیدا کرنا ہے۔ یہ بات چیت امن کیلئے ٹرمپ انتظامیہ کی مہینوں سے جاری کوششوں کا ایک حصہ ہے۔×

**Rajasthan - PM & Kiren Rijiju**

راجستھان میں اجمیر شریف درگاہ پر جاری 814 ویں سالانہ عرص کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے حضرت خواجہ معین الدین چشتی کی درگاہ پر چادر چڑھائی گئی۔ اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو، وزیر اعظم کی طرف سے بھیجی گئی چادر چڑھانے کیلئے اجمیر پہنچے اور انہوں نے مذہبی عقیدت اور روایات کے ساتھ درگاہ پر باقاعدہ چادر چڑھائی۔

چادر چڑھانے کے بعد جناب رجیجو محفل خانہ گئے، جہاں اُن کا روایتی دستاربندی کے ساتھ خادموں کی جانب سے عزت افزائی کی گئی۔ اِس کے بعد، انہیں تبرک پیش کیا گیا۔ بلند دروازے پر قوم کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے دیے گئے ایک پیغام کو پڑھ کر سنایا گیا۔

اِس تقریب کے پیش نظر درگاہ کے آس پاس کے علاقوں میں سکیورٹی کے مناسب انتظامات کیے گئے تھے اور امن و انتظام کو برقرار رکھنے کیلئے پولیس کی کافی تعداد تعینات کی گئی تھی۔×

## Train Flight Fog Affect

قومی راجدھانی اور NCR خطے میں آج گھنے کہرے کی وجہ سے بہت سی پروازوں اور ٹرینوں کی آمد ورفت میں خلل پڑا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلّی ہوائی اڈے کے ایک افسر نے بتایا کہ اندراگاندھی انٹرنیشنل ہوائی اڈے پر کم دکھائی دینے کی وجہ سے تقریباً 10 پروازیں منسوخ کی گئیں۔

بھارتی ریلوے کے دلّی ڈویژن نے کہا ہے کہ دلّی جانے والی بہت سی ٹرینوں کی آمد ورفت بھی آج متاثر ہوئیں۔ اُس نے کہا ہے کہ تین گھنٹے سے زیادہ تک تقریباً 17 ٹرینوں میں تاخیر ہوئی۔ محکمہ موسمیات نے سہ پہر تک اوسط درجے کے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆